## سرگودھا کی امام بارگاہ میں خودکش بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے،الطاف حسین

## خودکش بم دھماکہ پنجاب سمیت ملک بھر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش ہے

لندن۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب کے شہر سرگودھا کے بلاک 19 کی امام بارگاہ میں نماز مغربین کی ادائیگی کے دوران خودکش حملے کے نتیجے میں متعدد نمازیوں کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے اور مطالبہ کیا کہ امام بارگاہ دھماکہ میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ درندہ صفت سفاک دہشت گرداپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے ایک بار پھر عبادتگاہوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں اور عبادت میں مصروف معصوم انسانی جانوں کو خاک وخون میں نہار ہے ہیں یہ لوگ اسلام اور انسانیت دانوں کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سرگودھا کی امام بارگاہ میں خودکش بم دھماکہ پنجاب سمیت ملک بھر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکہ میں شہید ہونے والے نمازیوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین خودکش حملے میں زخمی نمازیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر کے شیعہ سنی عوام سے اپیل کی کہ وہ سفاک دہشت گردی کی وارداتوں سے ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پر امن رہ کر فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ سرگودھا کی امام بارگاہ میں نماز مغربین کی ادائیگی کے موقع پر خودکش حملے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور دھماکہ میں ملوث سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کے وفد نے رابطہ کمیٹی کے رکن محمد یوسف شاہوانی کی سربراہی میں بی این پی (مینگل) کے جنرل سیکریٹری حبیب جالب کے قتل پر رہائشگاہ جاکر تعزیت کی

کوئٹہ۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے وفد نے رابطہ کمیٹی کے رکن محمد یوسف شاہوانی کی سربراہی میں بی این پی (مینگل) کے جنرل سیکریٹری حبیب جالب کے بہیمانہ قتل پر ان کی رہائشگاہ جاکر ان کے بڑے بھائی ملک خدابخش، بی این پی کے رہنماؤں اور سوگواران سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے حبیب جالب کے بہیمانہ قتل پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ڈاکٹر محمد علی بروہی، صوبائی آرگنائزر مجیب الاسلام رودینی، صوبائی فنانس سیکریٹری ارباب عبدالغنی کاسی، صوبائی سیکریٹری اطلاعات انور خان ترین، صوبائی آفس سیکریٹری انتظار حسین، کوئٹہ سٹی کے آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈووکیٹ، سیکریٹری اطلاعات ونشریات ملک جنگ گل کاکڑ، آفس سیکریٹری محمد ادریس، رکن ضلعی کمیٹی جاوید سمالانی، ضلع نصیرآباد کے آرگنائزر حاجی عبدالمالک اور کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ایم کیوایم کے وفد نے حبیب جالب کے سوگواران اور بی این پی کے رہنماؤں سے حبیب جالب کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اس موقع پر انہوں نے مقتول کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ملاقات میں حبیب جالب کے بھائی ملک خدابخش اور بی این پی کے رہنماؤں نے غم اور دکھ کی گھڑی میں یاد رکھنے اور تعزیت کیلئے ایم کیوایم کے وفد کو بھیجنے پر دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی کے رکن محمد یوسف شاہوانی نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے اسٹاف رپورٹر حاجی فیاض حسن سجاد کے بھائی اور سابق فٹبالر ماسٹر اعجاز کے انتقال پر ان کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم نے 22 رکنی متحدہ سوشل فورم کے قیام کا اعلان کردیا
## عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان کی پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایم کیوایم کے ایک اور نئے شعبے 22 رکنی متحدہ سوشل فورم کے قیام کا اعلان کردیا ہے جس کے انچارج لونگ خان چنہ جبکہ جوائنٹ انچارجز میں غازی صلاح الدین اور احمد سلیم صدیقی ہونگے۔اس فورم میں ملک بھر کے دانشوروں، ڈاکٹروں، اساتذہ، وکلاء، صحافیوں، ادیبوں، شاعروں، کالم نگاروں، کھلاڑیوں اور فنکاروں اور فنون لطیفہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو خوش آمدید کہا جائے گا اور اس سلسلے میں ممبر سازی کا آغاز کردیا گیا ہے۔اس فورم کے قیام کا اعلان انہوں نے اتوار کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں دیگر ارکان رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، اشفاق منگی، افتخار اکبر رندھاوا، واسع جلیل اور گلفراز خان کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ فنون لطیفہ اور مختلف شعبوں سے متعلق ماہرین نے ایم کیوایم سے اپنا کردار ادا کرنے کیلئے رابطے کئے ہیں، ایم کیوایم منظم جماعت ہے اور جتنے شعبے ایم کیوایم میں ہیں کسی اور جماعت میں نہیں ہیں۔متحدہ سوشل فورم مرکزی شعبہ کے طور پر پورے پاکستان میں کام کرے گا اور پورے پاکستان سے اس میں نمائندگی ہوگی اور ذمہ داریاں تقسیم کی جائیں گی، ایم کیوایم ادب اور ثقافت کے ذریعے ملک کے تمام صوبوں کو اپنی شناخت قائم رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے قریب لانا چاہتی ہے، فن وثقافت لوگوں کو جوڑنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اب ملک بھر کے خاص اور عوام بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کا تھرڈ آپشن ہے۔ہمارا منشور اختیار سب کیلئے ہے اگر ملک کے عوام بااختیار نہیں ہونگے تو ملک بھی خود مختار نہیں ہوگا لہٰذا ہمارا نعرہ ''بااختیار عوام، خودمختار پاکستان'' ہے۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کی عوامی مقبولیت میں روز بہ روز اضافہ ہوتا جارہا ہے، اور ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ اور نظریہ سندھ سے نکل کر کشمیر، گلگت، پنجاب اور ملک بھر میں تیزی سے فروغ پارہا ہے، زندگی سے تمام شعبوں کے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں اس سلسلے میں ملک بھر کے دانشوروں، ڈاکٹرز، اساتذہ، ، وکلا، صحافیوں، ادیبوں، شاعروں، کالم نگاروں، کھلاڑیوں اور فنکاروں سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں متحدہ قومی موومنٹ سے رابطے کئے ہیں اور اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ وہ بھی ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے سے متاثر ہیں لہٰذا وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ حق پرستانہ جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرنا چاہتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی قیادت آگے آئے اور جاگیردارانہ نظام کے خلاف جدوجہد کرے۔انہوں نے کہا کہ ہم یہ اعلان کرتے ہوئے بے حد خوشی محسوس کررہے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ نے اس ضمن میں متحدہ سوشل فورم کے قیام کا فیصلہ کیا ہے اور اس کے ارکان کے ناموں کا اعلان کیا جارہا ہے۔اس سلسلے میں دیگر دانشوروں، صحافیوں، وکلا، اساتذہ، ڈاکٹرز، ادیبوں، شاعروں، کھلاڑیوں، فنکاروں سمیت جو متحدہ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے کے مطابق کام کرنے کے خواہشمند ہیں ہم ان سب کو اس فورم میں خوش آمدید کہتے ہیں۔انہوں نے یاددہانی کرائی کہ ایم کیوایم کی یادگار شہدائے حق کے افتتاح کی جو تقریب ملتوی کردی گئی تھی وہ اب 26 جولائی بروز پیر کو ہوگی۔اس تقریب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب فرمائیں گے۔عوام سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ حق پرست شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے اس تقریب میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوں۔

## صوبہ پنجاب میں بجلی کی طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ فی الفور ختم کی جائے، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، ڈاکٹر ندیم احسان، اقبال محمد علی
## صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں توانائی کا بحران ملک کی معاشی، اقتصادی اور صنعتی سرگرمیوں پر کاری ضرب ہے

کراچی۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، ڈاکٹر ندیم احسان اور اقبال محمد علی نے صوبہ پنجاب میں بجلی کی طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں جاری بجلی کے بحران کو عوام کی مشکلات اور پریشانیوں میں مزید اضافہ کرنے کے مترادف قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں بجلی کی 18، 18 گھنٹے طویل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جس کے باعث صنعتی، کاروباری سرگرمیوں سمیت عوام کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں، اسپتالوں میں آپریشن ملتوی کئے جارہے ہیں، تعلیمی اداروں میں طلباء کی پڑھائی متاثر ہورہی ہے اور جگہ جگہ بجلی کی عدم فراہمی سے عوام کو پانی کی شدید قلت کا بھی سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب بجلی تقسیم کار کمپنیاں اپنے فرائض ایمانداری اور دیانتداری سے ادا نہیں کررہی ہیں اوان کی جانب سے مسلسل مجرمانہ

غفلت کا مظاہرہ کیا جارہا ہے تو حکومتی سطح پر بجلی تقسیم کار کمپنیوں سے سختی کے ساتھ باز پرس کیوں نہیں کی جارہی ہے۔انہوں مزید کہا کہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں توانائی کا بحران ملک کی معاشی ، اقتصادی اور صنعتی سرگرمیوں پر کاری ضرب ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔عبدالقادر خانزادہ ، ڈاکٹر ندیم احسان اور اقبال محمد علی نے صدر مملکت آصف علی زرداری ، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ صوبہ پنجاب میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈ شیڈنگ کا فی الفور خاتمہ کیا جائے اور بجلی کی فراہمی کیلئے ٹھوس اور مثبت نوعیت کے اقدامات کئے جائیں۔

## محکمہ ریلوے کی جانب سے مزید 6 مسافر ٹرینیں بند کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اراکین قومی اسمبلی
## ریلوے سے ملازمین کی جبراً برخاستگی کی غیر جانبدار تحقیقات کرائی جائے

کراچی ۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے محکمہ ریلوے کی جانب سے مزید 6 ،مسافر ٹرینیں بند کرنے اور ہزاروں ملازمین کو ملازمتوں سے نکالنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو اندرون ملک سفر کرنے والے مسافروں اور ادارے کے ایماندار ملازمین کے ساتھ کھلا ظلم قرار دیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ریلوے انتظامیہ کے کرپٹ افسران اپنی کرپشن ، بدعنوانی ، لوٹ مار پر پردہ ڈالنے اور ٹرانسپورٹ مافیا کو فائدہ پہنچانے کیلئے محکمہ ریلوے کو خسارہ زدہ ادارہ ظاہر کررہے ہیں اور خسارے کو جواز بنا کر مسافر ٹرینوں کو بند کررہے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ محکمہ ریلوے گزشتہ ادوار تک انتہائی منافع بخش ادارہ رہا ہے جہاں گنجائش سے زائد مسافر عوام اندرون ملک سفر کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج اچانک ریلوے کو خسارہ زدہ ظاہر کرکے ٹرانسپورٹ مافیا کو فائدہ پہنچایا جارہا ہے اور ملک بھر کے عوام سے سفری سہولتیں چھینی جارہی ہیں جبکہ کرپشن اور لوٹ مار میں رکاوٹ بننے والے ایماندار ملازمین کو نوکریوں سے جبراً نکالا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی ریلوے سے متعدد ٹرینوں کو بندش سمیت ریلوے سے اے سی پالر کو ختم کیا جاچکا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا مین آج ٹرانسپورٹ کے نظام میں سے ایک نظام ریلوے کا ہے جو کہ مضبوط ہونا چاہئے جبکہ ہماری ناقص پالیسوں نے اسے کمزور ادارہ بنا دیا ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری ، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ محکمہ ریلوے کی جانب سے مزید 6 مسافر ٹرینیں بند کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ریلوے سے ملازمین کی جبراً برخاستگی کی غیر جانبدار تحقیقات کرائی جائے۔

## گزری میں معصوم بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، نادیہ گبول

کراچی ۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول نے کلفٹن کے علاقے گزری میں چار سالہ معصوم بچی کے اغوا کے بعد اسے زیادتی کا نشانہ بنا کر قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ میں ملوث عناصر کو سفاک اور درندہ صفت قرار دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم بچی کو اغوء ، زیادتی اور قتل کرنے والے سفاک عناصر معاشرے پر دھبہ ہیں اور کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی گزری کے علاقے سے دو بچیوں کو اغواء کے بعد قتل کیا جاچکا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سفاک اور درندہ صفت عناصر اپنی ہوس کو پورا کررہے ہیں اور معصوم بچیوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں جو کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کیلئے کھلا چیلنج ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مقتولہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں یقین دلایا کہ اس وحشیانہ حرکت میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔محترمہ نادیہ گبول نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ گزری میں معصوم بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث درندہ صفت عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## چنیوٹ میں اسپتال کی انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کے باعث 8 سالہ لڑکی کی ہلاکت بہیمانہ قتل ہے، رابطہ کمیٹی
## لڑکی کے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے، سوگواران سے رابطہ کمیٹی کا اظہار ہمدردی

کراچی۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب کے علاقے چنیوٹ میں اسپتال کی انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کے باعث 8 سالہ لڑکی کی ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور اسے بہیمانہ قتل قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بچی کے قتل کے ذمہ دار ڈاکٹرز کے خلاف قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی عمل میں لاتے ہوئے متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے ہسپتالوں میں شعبہ طب سے وابستہ افراد کی مجرمانہ غفلت کے باعث غریب شہریوں کی اموات میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے جبکہ بعض کیسز میں جعلی ڈگریوں کے حامل ڈاکٹرز شہریوں کی اموات میں براہ راست ملوث پائے گئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ چنیوٹ ہسپتال میں ڈاکٹروں کی مجرمانہ غفلت کے باعث معصوم بچی کی ہلاکت بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جو ملک بھر کے غریب عوام خصوصاً والدین کیلئے گہری تشویش کا باعث ہے اور جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے بچی کی المناک ہلاکت پر سوگوار خاندان سے مکمل اظہار ہمدردی کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی اور پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا کہ چنیوٹ ہسپتال میں ڈاکٹروں کی مجرمانہ غفلت کے باعث بچی کی ہلاکت کا سختی سے نوٹس لیا جائے، واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے لڑکی کے علاج کیلئے اعلان کردہ گرانٹ سوگوار لواحقین تک فی الفور پہنچائی جائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم خیبر پختونخواہ زون ضلع ایبٹ آباد کی کمیٹی کے رکن اعجاز قریشی کی والدہ اکبر جان، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 ایلڈر زونگ کے کارکن محمد مصطفیٰ کی اہلیہ سعیدہ بیگم، لانڈھی سیکٹر یونٹ 86 کے کارکن ظفر علی کے والد حامد حسین، لانڈھی سیکٹر یونٹ 90 کے کارکن سلمان کے والد محمد طہٰ اور ایم کیوایم کلفٹن ڈیفنس سیکٹر یونٹ 5 کی کمیٹی کے رکن سید کاشف حسین کے والد سید صابر حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے اقلیتی کارکن جون مسیح کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یوسی 2 کے اقلیتی کارکن جون مسیح کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار اہلخانہ سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے جون مسیح کے سوگوار اہلخانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی بلدیہ ٹاؤن یوسی 2 کے کارکن جون مسیح کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگواران کو صبر کی تلقین کی۔

☆☆☆☆☆